**17.07.2024**

**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............کلیم احمد

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے عالمی سطح پر ترقی کیلئے 'میک اِن انڈیا' کی کامیابی کی ستائش کی ہے۔

☆ حکومت نے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے پہلے اتوار کے روز سبھی پارٹیوں کی میٹنگ طلب کی ہے۔

☆ عمان کے ساحل سے دور ایک تیل بردار جہاز کے ڈوب جانے سے 16 افراد پر مشتمل اُس کا عملہ لاپتہ ہے، جس میں 13 بھارتی شامل ہیں۔

☆ آج ملک بھر میں پوری مذہبی عقیدت اور احترام کے ساتھ یومِ عاشورہ منایا جا رہا ہے۔

☆ اور...... سویڈش اوپن ٹینس میں کل مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں بھارت کے سُمت ناگل کا مقابلہ ارجنٹینا کے Mariano Navone سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## PM Make in India

وزیراعظم نریندر مودی نے سوشل میڈیا پر بتایا ہے کہ ''میک اِن انڈیا'' کی وجہ سے، بھارت کی معیشت کس طرح عالمی سطح پر وسعت پا رہی ہے۔ سلسلے وار پیغامات میں کہا گیا ہے کہ بھارت کی bicycles عالمی سطح پر بہت مقبول ہے اور اِن کی برآمدات برطانیہ، جرمنی اور نیدرلینڈ میں زیادہ ہو رہی ہے۔ اِس سے عالمی بازار میں بھارت کا بڑھتا اثر و رسوخ ظاہر ہوتا ہے۔

بہار میں بنائے گئے Boots اب روسی فوج کی وردی کا حصہ ہیں، جس سے بھارتی اشیاء کی غیر معمولی طور

پر عالمی سطح پر مقبولیت ظاہر ہوتی ہے۔ اِس سنگ میل سے بین الاقوامی دفاعی بازار میں بھارت کے بڑھتے اثر اور مینوفیکچرنگ کی اُس کی اعلیٰ معیار کی صلاحیت اجاگر ہوتی ہے۔

بھارتی مصنوعات، Amazon کی بلیک فرائیڈے اور سائبر مَنڈے Sales میں چھائی ہوئی ہیں۔ اِس کامیابی سے بھارت میں بنائی گئی چیزوں کیلئے بین الاقوامی مانگ اور عالمی ای- کامرس مارکیٹس میں بھارت کی بڑھتی ہوئی موجودگی کا اظہار ہوتا ہے۔X

## All Party Meet

حکومت نے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے پہلے اتوار کو سبھی پارٹیوں کی ایک میٹنگ طلب کی ہے۔ حکومت نے میٹنگ کے دوران سبھی سیاسی پارٹیوں سے تعاون چاہا ہے، تاکہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی خوش اسلوبی سے چلائی جا سکے۔ یہ بجٹ اجلاس اس مہینے کی 22 تاریخ سے اگلے مہینے کی 12 تاریخ تک منعقد ہوگا۔

23 جولائی کو مرکزی بجٹ پیش کیا جائے گا، نریندر مودی حکومت کی تیسری مدتِ کار میں پیش کیا جانے والا یہ پہلا بجٹ ہوگا۔ پچھلے مہینے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا تھا کہ یہ بجٹ حکومت کی دور رَس پالیسیوں اور مستقبل کے ویژن کی ایک مؤثر دستاویز ہوگا۔x

## Prez Speech Book

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی مدتِ کار کے پہلے برس کی 75 اہم تقاریر پر مشتمل کتاب ''Wings to our Hopes-Volume-1'' کا کل نئی دلّی میں اجرا کیا جائے گا۔ زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان، اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو کی موجودگی میں اِس e-book کا اجرا کریں گے۔ پبلی کیشن ڈویژن نے اِس کتاب کی اشاعت کی ہے اور اِس کا ہندی اور انگریزی میں اجرا کیا جائے گا۔ x

## PM Ashadhi Ekadashi

وزیر اعظم نریندر مودی Ashadhi Ekadashi کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے امید ظاہر کی کہ بھگوان وِٹھل کا آشیرواد سب پر رہے گا اور سب کو ایک خوشحال معاشرہ تشکیل دینے کی ترغیب دیتا رہے گا۔ انھوں نے یہ امید بھی ظاہر کی کہ اِس موقع پر سب کو غریب سے غریب کی پوری تندہی سے مدد کرنے تحریک ملے گی۔ x

## Andhraa Amit Shah

آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ نارا چندرا بابو نائیڈو نے کل رات نئی دلی میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقات کی۔ اپنی میٹنگ کے دوران وزیراعلیٰ نے ریاست کی اقتصادی صورتحال اور اُن چار قرطاسِ ابیض کے ماخوذات کے بارے میں وزیر داخلہ کو بتایا، جنھیں جاری کیا جا چکا ہے۔

جناب نائیڈو نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ سابقہ حکومت کی مدتِ کار کے دوران اقتصادی بد انتظامی، نااہلی اور بڑے پیمانے پر بدعنوانی نے آندھرا پردیش کو نقصان پہنچایا ہے۔ انھوں نے اِس بات پر اعتماد کا اظہار کیا کہ مرکز اور ریاست دونوں آندھرا پردیش کی اقتصادی صورتحال کو بحال کرنے کی خاطر ایک جامع منصوبہ وضع کریں گے۔ x

## Jaishankar Mauritius

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج ماریشش کے اپنے سرکاری دورے کے تحت ماریشش کے سابق وزراء اعظم ڈاکٹر نوین Ramgoolam اور Paul Berenger سے ملاقات کی۔ ڈاکٹر نوین Ramgoolam سے ملاقات کے بعد ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انھوں نے باہمی شراکت داری کو بڑھانے پر تبادلۂ خیال کیا۔ جناب Paul Berenger کے ساتھ اپنی میٹنگ کے حوالے سے وزیر خارجہ نے کہا کہ عصری عالمی امور پر سود مند بات چیت کی۔ x

## Oil Tanker

خبر ملی ہے کہ عمان کے ساحل سے دور ایک تیل بردار جہاز کے الٹ جانے سے اُس کا 16 افراد پر مشتمل پورا کا پورا عملہ لاپتہ بتایا جاتا ہے۔ اِن میں سے 13 بھارتی ہیں۔ 3دوسرے افراد سری لنکا سے تعلق رکھتے ہیں۔ عمان کی بحری سیکورٹی کے مرکز نے بتایا ہے کہ Comoros کا پرچم بردار یہ تیل بردار جہاز Duqm کے بندرگاہی شہر کے پاس Ras Madrakah کے جنوب مغرب میں 25 بحری میل دور حادثے کا شکار ہوا۔ یہ تیل بردار جہاز یمن جارہا تھا۔x

## Oman-Shooting

خبر ملی ہے کہ اومان کے شہر مسقط میں علی بن ابی طالب مسجد پر حملے میں 9 افراد کی جانیں تلف ہوگئیں اور 28 دوسرے افراد زخمی ہوئے ہیں۔ مرنے والوں میں ایک پولیس اہلکار بھی شامل ہے۔ اومان میں ہندوستانی سفارتخانہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جانی نقصان کی اطلاع دی ہے اور یہ بھی بتایا ہے کہ کل رات پیش آنے والے اِس واقعہ میں ایک اور ہندوستانی بھی زخمی ہوا ہے۔ اومان کے سلامتی عملے کے ساتھ گولی باری میں 3 نامعلوم مسلح افراد موقع پر ہی مارے گئے۔ گولی باری کا یہ واقعہ عاشورہ سے ایک دن پہلے پیش آیا۔ اِسی دوران مسقط میں امریکہ کے سفارتخانہ نے اِس واقعہ کے پیش نظر چوکسی کا اعلان کیا ہے۔ اومان میں پہلی بار کسی شیعہ مسجد پر حملہ کیا گیا ہے اور اسلامک اسٹیٹ نے اِس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ x

## Muharram

آج ملک کے مختلف حصوں میں بڑی متانت اور سنجیدگی کے ساتھ عاشورۂ محرم منایا جارہا ہے۔ یہ دن پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے حضرت امام حسین کی شہادت کی یاد میں منایا جاتا ہے، جنہوں نے کربلا میں انصاف اور سچائی کے اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے اپنی جان قربان کی تھی۔ اِس موقع پر تعزیوں کے جلوس

نکالے جارہے ہیں۔

دلی میں جامع مسجد، نظام الدین، اوکھلا اور مہرولی سمیت مختلف علاقوں سے تعزیوں کے جلوس نکالے جارہے ہیں۔ اِس موقع پر مجالس کا بھی اہتمام کیا جارہا ہے، جہاں واقعاتِ کربلا بیان کئے جاتے ہیں اور شہیدوں کی قربانیوں کو یاد کیا جاتا ہے۔

دلی ٹریفک پولیس نے تعزیہ جلوس کے پیش نظر ٹریفک کے لیے ہدایات جاری کی ہیں۔

ملک کے دوسرے حصوں سے بھی عاشورۂ محرم منائے جانے کی خبریں موصول ہورہی ہیں۔ اِس موقع پر سیکورٹی کا وسیع بندوبست کیا گیا ہے۔x

## Telangana Muhurram

تلنگانہ کے مختلف حصوں خاص طور سے حیدرآباد میں آج یومِ عاشورہ مذہبی جذبے اور سنجیدگی کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ سکندرآباد اور حیدرآباد کے مختلف حصوں سے روایتی جلوس کیلئے سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔

وہیں بنگلہ دیش سے بھی یوم عاشورہ کے حوالے سے خبریں موصول ہوئی ہیں۔ بنگلہ دیش کے صدر، محمد شہاب الدین اور وزیر اعظم شیخ حسینہ نے محترم کے موقع پر حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور شہدائے کربلا کے تئیں خراجِ عقیدت کا اظہار کیا ہے۔ x

## IMD Forecast

بھارتی موسمیات محکمے نے کونکن، گوا اور وسطی مہاراشٹر میں آئندہ تین دنوں کے دوران بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ اگلے چار روز کے دوران گجرات، کرناٹک، چھتیس گڑھ، اڈیشہ، کیرالہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں بھی شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ x

## Maha Rain

بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ پانچ دنوں کے دوران کونکن اور مدھیہ مہاراشٹر خطوں کیلئے Orange الرٹ اور مراٹھ واڑہ کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے پیشگوئی کی ہے کہ اِس مدت کے دوران کونکن اور مدھیہ مہاراشٹر میں تیز ہواؤں کے ساتھ شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ مراٹھ واڑہ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹیں پڑ سکتے ہیں۔ کل صبح سے ممبئی اور اُس کے مضافاتی علاقوں میں زیادہ بارش ریکارڈ نہیں کی گئی ہے۔ x

## Bangladesh-Clashes

بنگلہ دیش میں کوٹے کے حامیوں اور پولیس اور بنگلہ دیش چھاترلیگ (بی سی ایل) سے تعلق رکھنے والے افراد کے درمیان ٹکراؤ کا سلسلہ جاری ہے۔ وہاں گزشتہ دو دن میں کم سے کم 6 افراد کی موت ہوگئی اور کئی دوسرے زخمی ہوئے ہیں۔ بنگلہ دیش چھاتر لیگ (بی سی ایل) حکمراں عوامی لیگ سے وابستہ طلبا کی شاخ ہے۔ بنگلہ دیش کے

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے کل رات اعلان کیا تھا کہ تمام پبلک اور پرائیویٹ یونیورسٹیاں، اُن سے وابستہ میڈیکل کالج اور دوسرے ادارے اگلی اطلاع تک بند رہیں گے، تا کہ طلبا کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے۔ اِس علاوہ وزارتِ تعلیم نے اگلے نوٹس تک تمام سیکنڈری، ہائر سیکنڈری اور پولی ٹیکنک ادارے بند کئے جانے کا اعلان کیا۔x

## Peru Accident

Peru میں Ayacucho کے جنوبی خطے میں ایک مسافر بس کے حادثے میں کم سے کم 26 افراد کی موت ہوگئی اور ایک درجن سے زیادہ زخمی ہوگئے۔ مقامی حکام نے بتایا ہے کہ یہ بس سڑک سے پھسل کر لگ بھگ 200 میٹر گہری کھائی میں جاگری۔ بس میں لگ بھگ40 مسافر سوار تھے اور یہ لیما سے Ayacucho جارہی تھی۔ x

## South Korea-North

جنوبی کوریا کے وزیر دفاع Shin Won-Sik نے شمالی کوریا کی اشتعال انگیزی سے نمٹنے کے لیے پوری طرح تیار رہنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے یہ بیان فوج کے اعلیٰ کمانڈروں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران دیا۔ اِس میٹنگ میں شمالی کوریا کی طرف سے امکانی اشتعال انگیزی اور اِس طرح کی دھمکیوں سے نمٹنے کی جنوبی کوریا کی تیاریوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ شمالی کوریا کے لیڈر Kim Jong-un کی اثرورسوخ رکھنے والی بہن کی وارننگ کے ایک دن بعد یہ میٹنگ ہوئی تھی۔ Kim Jong-un کی بہن نے شدید وارننگ دیتے ہوئے کہا تھا کہ اگر جنوبی کوریا نے شمالی کوریا کے باغیوں کو پیانگ یانگ کے خلاف پروپیگنڈہ کرتے رہنے کی اجازت دی، تو اُسے سخت خمیازہ بھگتنے کے لیے تیار رہنا چاہیئے۔

وزارت نے خبردار کیا ہے کہ موسلادھار بارش کی وجہ سے شمالی کوریا کی بارودی سرنگیں بہہ کر جنوبی کوریا کے علاقے میں آسکتی ہیں، لہٰذا عوام کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اِن مشتبہ بارودی سرنگوں اور سرحدی علاقوں میں دوسری مشتبہ چیزوں سے خبردار رہیں۔x

## Tennis Sumit Nagal

سویڈش اوپن ٹینس میں کل مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں بھارت کے سُمت ناگل عالمی درجہ بندی میں 36 ویں پوزیشن کے کھلاڑی ارجنٹینا کے Mariano Navone کا سامنا کریں گے۔ کل ایک مقابلے میں ناگل نے سویڈن کے Elias Ymer کو چھ-چار، چھ-تین سے ہرا دیا تھا۔

اسی دوران ناگل، حالیہ ATP درجہ بندی میں مردوں کے سنگلز میں 68 ویں مقام پر آگئے ہیں، جو اُن کے کیریئر کی سب سے بہترین پوزیشن ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆